## سوال

(26)کیا شرک اصغر سے انسان ملت سے خارج ہوجاتا ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا شرک اصغر سے انسان ملت سے خارج ہوجاتا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

شرک اصغر، انسان ملت سے خارج تو نہیں کرتا لیکن اس سے ایمان میں کمی ہوجاتی ہے اوریہ کمال توحید واجب کے منافی ہے۔ مثلا اگر کوئی شخص ریاکاری کےلئے تلاوت یا صدقہ یا اس طرح کوکوئی عمل کرے تواس کے ایمان میں کمی اورضعف پیدا ہوجائے گااوروہ ریاکاری کی وجہ سے گناہ گار ہوگا لیکن اس کی وجہ سے اسے کفر اکبر کا مرتکب قرار نہیں دیاجائے گا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## مقالات وفتاویٰ

## ص175

محدث فتویٰ